DUA · ACTS & SUPPLICATIONS IN SEVEN CHAPTERS

The time of Istekhaara

استخارہ کا وقت

In his book of Taqwim Muhsinin, Muhaddith Kashani has mentioned special times in the week for practicing Istikharah with the Glorious Qur'an, stating that these special times have been specified according to what is familiarly known by people, yet I have not found any tradition reported from the Ahl Bayt (a) in this respect. On Sundays, the suitable time for Istikharah is from the beginning of the day up to the noon and then from the afternoon up to sunset. On Mondays, the suitable time is from the beginning of the day up to sunrise, from lunch time to noon, and from afternoon to later evening. On Tuesdays, the suitable time is from lunch time to noon and from afternoon to later evening. On Wednesdays, the suitable time is from the beginning of the day up to noon and from afternoon to later evening. On Thursdays, the suitable time is from the beginning of the day up to sunrise and from noon up to later evening. On Fridays, the suitable time is from the beginning of the day up to sunrise and from midday to afternoon. On Saturdays, the suitable time is from the beginning of the day up to lunch time and from midday to afternoon. This table is quoted from the versified book of Madkhal by Muhaqqiq Tusi, may Allah purify the soil of his grave.

محدث کاشانیؒ نے تقویم المحسنین میں قرآن مجید سے استخارہ کرنے کے لئے ایام ہفتہ کی ساعتوں کا ذکر کیا ہے اور اس کے ساتھ ہی فرمایا ہے کہ یہ مشہور طریقے کی بنا پر ہے اور اہل بیت اطہارؑ سے اس بارے میں کوئی حدیث دستیاب نہیں ہوئی، چنانچہ فرماتے ہیں استخارہ کرنے کے سلسلے میں اتوار کا دن نیک ہے ظہر تک پھر عصر سے مغرب تک، پیر کا دن نیک ہے طلوع آفتاب تک پھر دوپہر سے ظہر تک اور عصر سے عشاء کے آخری وقت تک، منگل کا دن نیک ہے دوپہر سے ظہر تک اور عصر سے عشاء کے آخر تک، بدھ کا دن نیک ہے ظہر تک اور عصر سے عشاء کے آخر تک، جمعرات کا دن نیک ہے طلوع آفتاب تک اور ظہر سے عشاء کے آخر تک، جمعہ کا دن نیک ہے طلوع آفتاب تک اور زوال سے عصر تک اور ہفتے کا دن نیک ہے دوپہر تک اور زوال سے عصر تک یہ جدول محقق طوسیؒ کی کتاب مدخل منظوم سے نقل کیا گیا ہے۔

Printed from https://fzic.org/library/dua/the-time-of-istekhaara-4165 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.